السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شیعہ ہمسائے نے ایک کتا،بچہ مجھے لاکر دیا جس میں کئی ایک لغویات کے علاوہ یہ حدیث بھی درج تھی : ’قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَلِيُّ اَنْتَ وَشِيْعَتُكَ هُمُ الْفَائِزُوْنَ ‘ ’’اے علی رضی اللہ عنہ ! تو اور تیرے شیعہ جنتی ہیں۔‘‘اس کی استنادی حیثیت سے مطلع فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔ (پروفیسر سعید احمد لکھوی) (۲۳جون ۲۰۰۰ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مشارٌالیہ روایت کی کوئی اصل نہیں۔ مناقب علی رضی اللہ عنہ میں اکثر روافض کی وضعی روایات ہیں۔ جن کی کوئی اصل نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب اللباس:صفحہ:526

محدث فتویٰ